نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں جنگلات کے عالمی دن کے موقع پر پودا لگایا

لاہور 21 مارچ 2024: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے "جنگلات کے عالمی دن" کے موقع پر زراعت ہاؤس لاہور میں پودا لگایا۔اس موقع پرانھوں نے کہا کہ ماحولیاتی آلودگی اورگلوبل وارمنگ پاکستان کیلئے ایک بڑا خطرہ ہے جس سے نبرد آزما ہونے کیلئے شجر کاری مہم کو کامیاب بنانا انتہائی ناگزیر ہے۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت کے مطابق محکمہ زراعت کا عملہ شجر کاری مہم کو کامیاب بنانے کیلئے مصروفِ عمل ہے۔صاف ستھرا ماحول ہماری آنے والی نسلوں کیلئے بیحد اہمیت کا حامل ہے۔انھوں نے کہا کہ محکمہ زراعت کی تمام فیلڈ فارمیشنز سمیت افسران وعملہ کو شجر کاری مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کیلئے ہدایات دی جا چکی ہیں۔اس ضمن میں سرکاری فارمز پر شجر کاری مہم کے تحت پودے لگانے کیلئے متعلقہ افسران کو خصوصی ٹاسک سونپ دیا گیا ہے۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے پودا لگا کر دعا مانگی۔بعد ازاں،ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ایڈمن) پنجاب اعجاز منیر نے بھی پودا لگایا۔

☆☆☆☆